# ٹیچرز گائیڈ

KG کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 35 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 35 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

30 منٹ

- یہ کتاب 41/2 - 4 سال کی عمر کے بچوں کے لئے ہے۔ اگر بچے اپنی بات کا اظہار پوری طرح سے نہ کرسکیں تو ان کی مدد اور حوصلہ افزائی کریں۔

- کتاب تقسیم کرنے سے پہلے بچوں سے پوچھیں کہ وہ کس طرح اسکول آتے اور جاتے ہیں۔ بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں اور یہ بتائیں کہ ہم کہیں بھی آنے جانے کے لئے جو چیز استعمال کرتے ہیں اسے سواری کہتے ہیں۔ بچوں کے سامنے لفظ سواری اچھی طرح ادا کریں۔ بچوں سے یہ بھی پوچھیں کہ:

  1 اسکول آتے ہوئے آپ کو کون کون سی سواریاں نظر آتی ہیں۔
  2 وہ کون سی سواریاں ہیں جس میں 2 پہیئے ہوتے ہیں؟
  3 وہ کون سی سواریاں ہیں جن میں 4 پہیئے ہوتے ہیں؟

- بات چیت کے بعد بچوں میں کہانی کی کتابیں تقسیم کریں۔ سیشن 1 میں کہانی کے پہلے 5 صفحوں میں سے کام کروایا جائے گا۔ بچوں کو ہر صفحہ باری باری دکھائیں اور سوال پوچھیں:

- صفحہ نمبر 1

- بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سی سواری ہے۔ بچے اگر نہ بتا سکیں تو انہیں بتائیں۔ لفظ گھوڑا گاڑی با آواز بلند پڑھ کر سنائیں۔
- بچوں سے پوچھیں تصویر میں گاڑی کے کتنے پہیئے نظر آ رہے ہیں۔ گھوڑا گاڑی میں کتنے پہیئے ہوتے ہیں۔ یہ گاڑی سڑک پر چلتی ہے یا پانی میں۔

- صفحہ نمبر 2

- بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سی سواری ہے۔ بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں۔ لفظ ریل گاڑی اچھی طرح پڑھ کر بچوں کو بتائیں۔
- بچوں سے پوچھیں کیا کبھی کسی نے ریل گاڑی میں سیر کی ہے۔ تصویر میں لوگ کیا کرتے ہوئے

نظر آ رہے ہیں۔ کتنے لڑکے اور کتنی لڑکیاں ہیں۔

- **صفحہ نمبر 3**

  - بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سی سواری ہے۔ لفظ پانی کا جہاز اچھی طرح پڑھ کر سنائیں۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کسی نے پانی کا جہاز قریب سے دیکھا ہے۔ کسی نے پانی کے جہاز میں سفر کیا ہے۔

- **صفحہ نمبر 4**

  - بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سی سواری ہے۔ بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں۔ لفظ ہوائی جہاز اچھی طرح پڑھ کر سنائیں۔
  - بچوں سے پوچھیں تصویر میں کتنے لوگ نظر آ رہے ہیں۔ آپ کے خیال میں یہ لوگ جہاز میں کہیں جا رہے ہیں یا کہیں سے واپس آ رہے ہیں۔

- **صفحہ نمبر 5**

  - بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سی سواری ہے۔ لفظ موٹر کار پڑھ کر سنائیں۔
  - بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں اور ان سے یہ پوچھیں کہ ان میں کون سے رنگ نظر آ رہے ہیں۔ تصویر میں کتنے لوگ نظر آ رہے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ تصویر میں کیا ہو رہا ہے۔

- صفحہ نمبر 5 تک بات چیت مکمل ہونے کے بعد بچوں کو دائرے میں بٹھائیں اور ان سے کہیں کہ انہوں نے اب تک جتنی بھی سواریوں کے نام سنیں ہیں ان کی آواز نکالیں۔ اس موقع پر نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔

## ہوم ورک

5 منٹ

- بچوں کو نوٹ لکھ کر دیں کہ کل کسی پرانے اخبار یا رسالے سے ٹرانسپورٹ کی تصویریں کاٹ کر لائیں۔ اپنے پاس سے چند تصویروں کا بندوبست کریں۔

| ٹیچر کے لئے نوٹ |
| --- |
| سیشن 2 کے لئے سادے کاغذ اور گوند کا انتظام کرلیں۔ |

# سیشن 2

30 منٹ

- کتاب کے باقی 5 صفحوں میں سے بات چیت کریں۔ ہر صفحہ باری باری بچوں کو دکھائیں اور پوچھیں:

- صفحہ نمبر 6
  - بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سی سواری ہے۔ لفظ بس اچھی طرح پڑھ کر سنائیں۔
  - بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں۔ ان سے پوچھیں کہ بس میں کتنے لوگ نظر آ رہے ہیں۔ بس میں کون کون سے رنگ نظر آ رہے ہیں۔ آپ میں سے کون کون بس سے اسکول آ تا ہے۔ بس میں سفر کرنا کیسا لگتا ہے۔

- صفحہ نمبر 7
  - بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سی سواری ہے۔ لفظ ٹرک اچھی طرح پڑھ کر سنائیں۔
  - بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں اور بچوں سے پوچھیں کہ تصویر دیکھ کر بتائیں کہ یہ لوگ کیا کر رہے ہیں۔ کیا یہ لوگ خوش ہیں یا اداس۔

- صفحہ نمبر 8

  - بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سی سواری ہے۔ لفظ جیپ اچھی طرح پڑھ کر سنائیں۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ تصویر میں کتنے لوگ نظر آ رہے ہیں۔ کتنی لائٹیں نظر آ رہی ہیں۔ جیپ میں کون کون سے رنگ ہیں۔ آپ کبھی جیپ میں بیٹھے ہیں اور کہاں گئے ہیں۔

- صفحہ نمبر 9

  - بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سی سواری ہے۔ لفظ موٹر سائیکل اچھی طرح پڑھ کر سنائیں۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ اس تصویر میں کتنے پہیئے نظر آ رہے ہیں۔ کتنے لوگ نظر آ رہے ہیں اور آپ کے خیال میں یہ لوگ کہاں جا رہے ہیں۔

- صفحہ نمبر 10

  - بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سی سواری ہے۔ لفظ رکشہ اچھی طرح پڑھ کر سنائیں۔
  - بچوں سے سوال کریں کہ کتنے لوگ نظر آ رہے ہیں۔ کیا آپ میں سے کوئی رکشہ میں بیٹھا ہے اور کس کس کو رکشہ کی آواز بری لگتی ہے۔

- بات چیت مکمل ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ سواریوں کی جو تصویریں لے کر آئے ہیں وہ نکال لیں۔ بچوں میں سادے کاغذ تقسیم کریں۔ بچے تصویریں کاغذ پر چپکائیں۔ بچوں کی مدد کریں۔ کام مکمل ہونے کے بعد اس کاغذ پر بچے کا نام بڑا بڑا لکھیں اور یہ تصویریں کلاس میں لگا دیں۔

## ہوم ورک

- بچوں کو نوٹ لکھ کر دیں کہ ماچس کے خالی ڈبے گھر سے لے کر آئیں۔ چند ڈبوں کا بندوبست خود بھی کر لیں۔ 5 منٹ

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 3 کے لئے پوسٹر کلرز crayons، ماچس کے ڈبے، ڈوری، کالے رنگ کا کارڈ پیپر، گوند، سفید رنگ کا بندوبست کر لیں۔

# سیشن 3

**30 منٹ** • بچے ماچس کے ڈبوں کی مدد سے ریل گاڑی بنائیں گے۔

## ریل گاڑی بنانے کا طریقہ

- کالے رنگ کے کارڈ پیپر کو گول شکل میں کاٹ لیں۔ درمیان میں سفید رنگ کرلیں۔ انجن کے پہیے بنانے کے لئے دو بڑے اور دو چھوٹے پہیے کاٹیں۔ ریل گاڑی کا انجن بنانے کے لئے ماچس کے دو ڈبوں کو گوند کی مدد سے جوڑ دیں۔ کالے رنگ کے کارڈ پیپر کو rectangle کی شکل میں کاٹیں، گولائی میں موڑ کر cylinder کی شکل دے دیں اور انجن کے اوپر جوڑیں۔ اس طرح یہ ریل گاڑی کی چمنی بن جائے گی۔ اس کے بعد دو بڑے پہیے آگے اور دو چھوٹے پہیے پیچھے گوند کی مدد سے جوڑیں۔ بچے ماچس کے ڈبوں میں رنگ کریں۔ ٹیچر ماچس کے ڈبوں میں سوراخ کر کے ڈوری کی مدد سے انہیں آپس میں جوڑیں۔ ریل کے انجن اور چمنی کو بھی جوڑیں۔ ریل گاڑی جب تیار ہو جائے تو کلاس میں display کریں۔
- بچوں سے کہیں کوئی بھی ایک بچہ ریل گاڑی کا انجن بن جائے اور باقی بچے ایک دوسرے کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر ریل گاڑی کی شکل اختیار کریں اور اسی طرح چلتے ہوئے اسکول کے میدان کا چکر لگائیں اور ریل گاڑی کی آواز 'چھک چھک' بھی نکالیں۔

5 منٹ

- بچوں کی دلچسپی بڑھانے کے لئے بچوں کے ساتھ مل کر یہ گانا گائیں۔

ریل گاڑی چلے چھک چھک چھک
چھک چھک چھک چھک

ریل کے پہئے گھومیں چھک چھک چھک
چھک چھک چھک چھک

ریل میں بچے روئے بھیں بھیں بھیں
ریل کا انجن بولے چھوں چھوں

# سیشن 4

10 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ اگر ہمیں کہیں آنا جانا ہو یا کہیں بہت سارا سامان پہنچانا ہو تو ہم سواریوں کا استعمال کرتے ہیں۔ بچوں کو ان سواریوں کی تصویر دکھائیں۔ ان کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔ ہمارے ملک میں ٹرک اور منی بس کی سجاوٹ کے حوالے سے بات چیت کریں۔

15 منٹ

- بچوں سے الفاظ کی توڑ جوڑ کروائیں۔ ان الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ ان کو اپنی اپنی کوپی میں اتاریں۔
  - ب + س= بس
  - ک + ا + ر = کار
  - ٹ + ر + ک = ٹرک
  - م + و + ٹ + ر = موٹر
  - س + ڑ + ک = سڑک

10 منٹ

- ہر بچے سے معلوم کریں کہ کیا ان کے پاس سواریوں کے کھلونے ہیں۔ بچوں سے مختلف سواریوں کے حوالے سے بات چیت کریں جو ان کے پاس کھلونوں کی شکل میں موجود ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ یہ کھلونے کل کلاس میں لے کر آئیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 5 کے لئے ٹیچر ٹریفک سگنل 3D میں گھر سے بنا کر لائیں۔

# سیشن 5

15 منٹ
- بچے جو کھلونے لے کر آئیں ہیں انہیں کلاس میں اس طرح display کریں کہ جیسے یہ سواریاں سڑک پر چل رہی ہوں۔ جو سگنل گھر سے بنا کر لائیں اسے گاڑیوں کی لائن کے آگے رکھ دیں۔ بچوں کو ٹریفک سگنل دکھا کر ان سے پوچھیں کہ یہ کیا ہے۔ اگر بچے نہ بتائیں تو ان کو ٹریفک سگنل کے بارے میں معلومات دیں۔ بچوں کو زیبرا کروسنگ کے بارے میں بتائیں کہ پیدل چلنے والوں کو اس پر سے سڑک پار کرنی چاہئے۔ بچوں کو ٹریفک سگنل کے رنگوں کے بارے میں بتائیں کہ لال بتی پر گاڑی رکتی ہے، پیلی بتی پر چلنے کے لئے تیار ہوتی ہے اور ہری بتی پر گاڑی چل پڑتی ہے۔

10 منٹ
- بچوں کو ٹریفک سگنل کے حوالے سے نظم سنائیں۔

جلتی بجھتی بتیوں کا کھیل — شاہراہوں پر چلتا پھرتا میل
لال پیلی اور ہری بتی — سلجھاتی ہے ساری ریل پیل
لال بتی پر رک جائیں — پیلی پہ ہوشیار ہو جائیں
ہری پہ آگے بڑھ جائیں — ہری پہ آگے بڑھ جائیں

- یہ نظم بچوں کو یاد کروائی جا سکتی ہے لیکن اگر ہو سکے تو ٹیپ ریکارڈ پر یہ نظم بچوں کو سنائیں اس طرح زیادہ اچھے طریقے سے یاد ہو جاتی ہے۔ یہ نظم سہیل رعنا کے بچوں کے گیتوں کی کیسٹ میں مل جائے گی۔

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپی میں سگنل کی تصویر بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔

# گھوڑا گاڑی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk